KnK JAPAN
Children without Borders
Kokkyo naki Kodomotachi

KPESED
Khyber Pakhtunkhwa Elementary & Secondary Education Department

Friends PAKISTAN

لڑکیوں کی سیکنڈری تعلیم تک رسائی اور معیار میں بہتری لانے کا پروگرام خیبر پختون خواہ-III

تعاون: کے این کے جاپان، پاکستان

# ٹیچر ٹریننگ ریفریشر ماڈیول




مرتبہ: طارق محمود بیگ

جنوری 2023

فرینڈز ویلفئیر ایسوسی ایشن مانسہرہ، پاکستان

## تعارف:

فرینڈز ویلفئیر ایسوسی ایشن 2006 میں قائم ہوئی۔ یہ تنظیم تعلیم کے شعبہ میں کام کرتے ہوئے، خیبر پختون خواہ کے 9 اور آزاد جموں کشمیر کے 3 اضلاع میں اپنے منصوبہ جات کی تکمیل کر چکی ہے۔ فرینڈز پاکستان کو سنٹر فار فلنتھراپی کی طرف سے بہترین کارکردگی کی سند بھی حاصل ہے۔ یہ تنظیم سوسائٹی ایکٹ 1860 کے تحت رجسٹرڈ ہے۔

فرینڈز پاکستان کے این کے جاپان اور منسٹری آف جاپان اور محکمہ تعلیم خیبر پختون خواہ کے تعاون سے صوبہ خیبر پختون خواہ کے 4 اضلاع، مانسہرہ، ایبٹ آباد، تورغر اور بٹگرام میں گرلز سیکنڈری ایجوکیشن اور معیاری تعلیم تک رسائی کا پروگرام شروع کیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت گورنمنٹ گرلز سیکنڈری اور مڈل سکولوں میں کمرہ کی توسیع اور سکول میں بنیادی لوازمات کی فراہمی، تعلیمی معیار میں بہتری لانے کے لئے اساتذہ کی خصوصی تربیت، اساتذہ والدین کونسل کو فعال اور علاقائی سطح پر کمیونٹی ایڈووکیسی گروپس قائم کئے جا رہے ہیں۔

## لڑکیوں کی سیکنڈری تعلیم تک رسائی اور معیار میں بہتری کا پروگرام:

1۔ کمرہ جات کی توسیع

2۔ یونین کونسل کی سطح پر کمیونٹی ایڈووکیسی گروپس کا قیام

3۔ پی۔ٹی۔سی کی تربیت سازی اور میعار کی بہتری کے لئے فالو اپ کرنا۔

4۔ تدریس کے جدید طریقوں پر اساتذہ کی خصوصی تربیت کرنا اور فالو اپ کرنا۔

6۔ علاقے میں داخلہ مہم چلانا اور مڈل سکولوں میں لڑکیوں کے داخلہ جات میں اضافہ کرنا۔

7۔ لڑکیوں کی لوہر سیکنڈری سکولوں میں داخلے کی مہم کا اجراء۔

8۔ سکولوں میں گرلز سرکل کا قیام اور لائف سکلز کی تربیت کا اجراء کرنا۔

9۔ یونیورسٹی سطح پر گرلز یوتھ ایمبیسیڈرز کا قیام، تربیت اور سکولوں میں منٹورنگ سیشنز کا اہتمام کرنا۔

10۔ سکولوں میں سیکھنے اور سیکھانے کا مواد فراہم کرنا۔

11۔ سکولوں میں تدریسی طریقوں، گرلز سرکلز اور پی۔ٹی۔سی کی کارکردگی کی جانچ کے لئے خصوصی فالو اپ وزٹ کرنا۔

## ٹیچر ٹریننگ:

1۔ ایکٹو لرننگ کا بنیاد تصور

2۔ ایکٹیوٹی بیسڈ لرننگ اور کوآپریٹو لرننگ کے طریقے

## تربیت کے لئے ٹارگٹ گروپ:

1۔ سکولوں کے تمام اساتذہ۔

### تربیت کا طریقہ کار **(Methodology):**

1۔ پاور پوائنٹ پریزنٹیشن

2۔ گروپ ڈسکشن

3۔ پلانری ڈسکشن

4۔ پئیر ورک

5۔ رول پلے

### ٹریننگ شیڈول:

| نمبر شمار | موضوعات | درکار وقت (منٹس) |
|---|---|---|
| 1 | سیشن۔1: ایکٹو لرننگ کی تعریف اور بنیادی نکات کی تشریح | 20 |
| 2 | سیشن-2: ایکٹو لرننگ کے ماڈل کی وضاحت | 30 |
| 3 | سیشن-3: ایکٹو لرننگ کی افادیت | 10 |
| 4 | سیشن-4: ایکٹو یٹی بیسڈ لرننگ؛ ایکٹو یٹی کسے کہتے ہیں؟ اور ایکٹو یٹی بیسڈ لرننگ کی تعریف اور اپروچ | 30 |
| 5 | سیشن۔5: ڈاکٹر سپنسر کیگن کا تصور کو آپریٹو لرننگ اور سٹرکچرز کی وضاحت ایکٹویٹی اور موضوع کے لنک کی وضاحت | 20 |
| 6 | سیشن-6: کیگن کی کو آپریٹو کلاس روم ایکٹویٹیز (عملی کام) | 90 |
| | | 200 (3 گھنٹے 30 منٹس) |

## ایکٹو لرننگ کا بنیادی تصور، کو آپریٹو لرننگ اور ایکٹو یٹی بیسڈ لرننگ

سیشن-1 ایکٹو لرننگ، ایکٹو یٹی بیسڈ لرننگ اپروچ، طریقہ کار

مقصد: شرکاء ایکٹو لرننگ اور ایکٹو یٹی بیسڈ لرننگ کی اپروچ اور طریقہ کار کو سمجھ سکیں۔

طریقہ کار:

- سہل کار ایکٹو لرننگ کی تعریف اور بنیادی نکات کی تشریح پاور پوائنٹ کے ذریعے کرے گا
- سہل کار پلانری ڈسکشن کو فیسلیٹیٹ کرے گا۔

**ایکٹو لرننگ کسے کہتے ہیں؟**

ایکٹو لرننگ سے مراد سیکھنے کے عمل میں ہر لحاظ سے شامل رہنا۔ دماغی اور جسمانی طور پر شریک ہو کر سیکھنا ایکٹو لرننگ کہلاتا ہے۔ خود عملی طور پر شامل ہونا ضروری ہے۔ ایکٹو Active کے تین سٹپ ہیں۔

1۔ ان پُٹ Input

2۔ پراسس Process

3۔ آؤٹ پُٹ Output

**1۔ان پٹ Input**

پہلا سٹپ ہے، جس میں بچے کے دماغ میں پیغام / معلومات پہنچانے کے ذریعے کی واضح نشاندہی کی گئی ہے۔ یہ حواس خمسہ ہیں جس میں سننے، دیکھنے، چھونے، سونگھنے اور محسوس کرنے کی حس شامل ہیں۔ حواس خمسہ کے ذریعے تمام معلومات انسان کے دماغ میں پہنچتے ہیں۔

**2۔پراسس Process**

جب معلومات دماغ میں پہنچ جاتی ہیں وہاں ایک پراسس یعنی عمل ہوتا ہے۔ پراسس کے حوالے سے کئی نظریات پائے جاتے ہیں کچھ ماہرین کا خیال ہے کہ انسانی دماغ میں سوچ وبچار کی صلاحیت پہلے سے ہی موجود ہے، کچھ کا خیال ہے کہ انسانی دماغ میں Congnitive ability ہوتی ہے جس سے وہ باہر سے حاصل کردہ معلومات کو پراسس کرتا ہے۔ ماہرین نفسیات کا یہ بھی کہنا ہے کہ انسانی دماغ یا cognition میں بھی پانچ senses ہوتے ہیں۔ جو مندرجہ ذیل ہیں۔

1۔یادداشت Memory

2۔ تخیل Imigination

3۔ربط Association

4۔ایجاد / تخلیق Recreation

5۔وجدان Intution

**1۔یادداشت Memory**، انسانی دماغ میں cognition کا اہم جزو ہے۔ اس میں حواس خمسہ سے لی گئی معلومات محفوظ ہو جاتی ہیں۔ یعنی یہ دماغ کا ڈیٹا بنک ہے۔ جب تک انفارمیشن سٹور نہیں ہو نگی اس وقت تک پراسس نہیں ہو نگی۔

**2۔ تخیل Imigination** بھی انسانی دماغ میں موجود cognition کا اہم حصہ ہے۔ جیسا کہ ہم نے تجرباتی طریقہ کے ماڈل میں دیکھا کہ جو بچے سوچ وبچار کی اہلیت کے حامل ہوتے ہیں وہ سائنسی علوم / فنون لطیفہ میں زیادہ دلچسپی رکھتے ہیں۔ تخیلاتی اہلیت کی وجہ سے نئے خیالات اور تصورات کو ایجاد کرتے ہیں۔ معلومات حواس خمسہ کے ذریعے کاگنیشن میں پہنچتے ہی، پراسس کے حوالے سے تخیلاتی اہلیت اپنا کام شروع کر دیتی ہے۔ تخیل کا مطلب، سوچ کی پرواز ہے۔ یہ صلاحیت شاعروں میں زیادہ ہوتی ہے۔


**3۔ربط Association**، یہ وہ حس ہے جو معلومات کو پہلے سے موجود نالج / معلومات سے Associate کرنے میں مدد دیتی ہے۔ اس پراسس میں بچہ پہلے موجود نالج کو Analyze کرتا ہے اور association کی بنیاد پر نئے نالج کو accommodate یا adopt کرتا ہے۔


**4۔ایجاد / تخلیق Recreation**

حواس خمسہ کے ذریعے دماغ کے کاگنیٹو میں پہنچ گئی ہیں۔ اسکے بعد میموری میں محفوظ ہوتی ہیں۔ جس طرح دماغی حواس یا کاگنیشن کے دوسرے عناصر، تخیل نے اپنا پراسس کیا، پھر ایسوسی ایشن نے کام کیا، اسکے بعد کوئی نئی چیز بن جاتی، اُسے ایجاد / دریافت / تخلیق کہتے ہیں۔ یہ یاد رہے بعض لوگوں کی کاگنیٹو بہت تیز ہونے کی وجہ سے وہ دنیا میں اپنے کمالات دکھاتے ہیں۔ اور وہ کمالات کسی بھی شعبہ میں ہو سکتے ہیں۔

**5۔وجدان Inttution**

یہ انسانی دماغ کی کاگنیشن کا اہم ترین حصہ ہے۔ یعنی انسان کی اعلیٰ درجہ کی سوچ اور علم کا منبہ وجدان ہے۔ جیسے کہا جاتا ہے کہ فلاں ولی میں قدرتی وجدانی صلاحیت کمال درجہ پر ہے۔ وجدان ایک ایسی مشین ہے جس میں جملہ تمام دماغی senses جمع ہوتے ہیں اور اسی پراسس کے بعد ایک الگ / جدا چیز پیدا ہوتی ہے۔ بعض لوگ وجدان کو چھٹی حس بھی کہتے ہیں۔




## ایکٹو لرننگ کی افادیت:

- ★ بچے خود اپنے ہی تجربات سے سیکھتے ہیں۔
- ★ بچے عملی کام سے زیادہ سیکھتے ہیں۔ جب وہ دیئے گئے تدریسی مواد کو خود رد و عمل کر کے استعمال کرتے ہیں۔ یعنی اس مواد کو مختلف اور منفرد طریقوں سے استعمال کرتے ہیں۔
- ★ جب بچے نئے تجربات کرتے ہیں تو ان میں غور و فکر کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔
- ★ تصویری کتب سے بچوں میں مطالعہ کا شوق اور عادت بڑھتی ہے۔
- ★ ایک دوسرے سے مل جل کر کام کرنے سے سماجی اور اخلاقی قدریں بڑھتی ہیں۔
- ★ ہر بچے کے سیکھنے کا طریقہ یا سٹائل مختلف ہوتی ہے۔ جب اُسے اُسی طریقے یا سٹائل سے سیکھنے کے مواقع فراہم کیئے جائیں تو انکی مہارتیں اُبھرتی ہیں۔
- ★ ایکٹو لرننگ سے بچوں میں انتظام کاری کی صلاحیتیں پیدا ہوتی ہیں، چھوٹے چھوٹے فیصلوں سے اُن میں فیصلہ سازی کی صلاحیت میں اضافہ ہوتا ہے۔
- ★ ایکٹو لرننگ کے ذریعے بچے ریفلکٹ کرنا سیکھتے ہیں۔ اس عمل سے بچوں میں ابلاغ، زبان، ذاتی تشخص اور شخصیت پروان چڑھتی ہے۔

## ایکٹویٹی بیسڈ لرننگ: Activity Based Learning (ABL)

طریقہ کار:

- سہل کار ذہنی مشق کے ذریعے ایکٹویٹی کی تعریف اخذ کرے گا۔
- سہل کار شرکاء کو پیئر میں تقسیم کرکے ایکٹویٹی بیسڈ لرننگ سے متعلق سوال پوچھیں گے اور پیئر پریزنٹیشن دیں گے۔
- سہل کار پلانری میں ایکٹولرننگ کی پاور پوائنٹ پریزنٹیشن کے ذریعے وضاحت کریں گے۔
- سہل کار شرکاء کو گروپس میں تقسیم کرے گا۔ گروپس کو مندرجہ ذیل ٹاسک دیا جائے گا۔

1۔ ہر گروپ دی گئی سرگرمیوں میں دو سرگرمیاں خود انجام دے گا۔ اور ریفلکشن / فیڈبیک لیا جائے گا


ایکٹویٹی کسے کہتے ہیں؟

ایکٹویٹی سے مراد، بچہ جو کام جسمانی اور ذہنی طور پر مشغول ہو کر کرتا ہے اُسے ایکٹویٹی کہتے ہیں۔

ایکٹویٹی بیسڈ لرننگ سے کیا مراد ہے؟

وہ طریقہ جس میں بچے کسی سرگرمی کے ذریعے سیکھتے ہیں۔ جسے عام طور پر کھیل کھیل میں سیکھنا بھی کہتے ہیں۔

بچہ جسمانی اور ذہنی طور کسی ایکٹویٹی کے ذریعے اپنے موضوع / عنوان کی کھوج لگاتا ہے۔ جس سے وہ سکھتا ہے، اسے ایکٹویٹی بیسڈ لرننگ کہتے ہیں۔





## ایکٹویٹی اور عنوان / موضوع:

ٹیچر کلاس روم میں سبق پڑھانے کے کئی طریقے اختیار کرتا ہے۔ اگر ٹیچر سبق پڑھانے میں کسی سرگرمی کا استعمال کرتا ہے تو وہ سرگرمی کیسے طے کرتا ہے کہ فلاں سرگرمی اس سبق کو پڑھانے میں استعمال کریں گے۔ جسکے مندرجہ ذیل اُصول ہیں۔

1۔ عنوان کو سمجھنا اور اسکا مقصد واضح رکھنا۔

2۔ سرگرمی عنوان کے مقصد کے مطابق ہو۔

3۔ سرگرمی کا مقصد نہایت واضح ہونا ضروری ہے۔



عنوان یا موضوع کے لئے سر گرمی کے چناؤ میں دونوں باتوں کا خیال رکھنا بہت ضروری ہے۔ عنوان یا موضوع کے مقصد کو واضح کرنے کے بعد جو سر گرمی ذہن میں آتی ہے اُس کے مقصد کو اچھی طرح سے سمجھ کر اسے عنوان یا موضوع کے مقصد سے ہم آہنگ کرنے کے بعد سر گرمی کو اپنے سبق پلان کا حصہ بنائیں۔

ایسی سر گرمیاں جو عمومی طور پر ٹیچر اپنے کلاس روم میں استعمال کرتے ہیں وہ درج ذیل ہیں۔

1۔ گروپ ورک

2۔ انفرادی ٹاسک

گروپ ورک کے کئی مقاصد ہیں مثلاً کسی موضوع پر بحث کرنا، چند افراد کا مل کر کام کرنا، موضوع پر گفت وشنید کرنا، لائق اور کمزور بچوں کو گروپ میں بٹھا کر سمجھانا۔

اسی طرح انفرادی ٹاسک میں بچوں کو سوالات دینا، کوئی خاص ٹاسک دے دینا، کوئی فیلڈ بیسڈ عملی کام دینا وغیرہ شامل ہیں۔

ٹیچر ان مقاصد کو اپنے عنوان کے مقاصد سے ہم آہنگ کرے گا تب سر گرمی موثر ہو گی۔

کیگن مشہور زمانہ ماہر نفسیات اور تعلیم ہے۔ اس نے کو آپریٹو لرننگ کا تصور پیش کیا اور کو آپریٹو لرننگ میں استعمال ہونے والی 10 سر گرمیوں ایجاد کیں۔

**1۔ کارنرز**

ٹیچر متعلقہ سوالوں کے جوابات کلاس روم کے کارنرز یا کونوں میں فلپ چارٹ پر لکھ کر چسپاں کرتا ہے اور جب طلبہ سے سوال کیا جاتا ہے تو بچے جواب ڈھونڈتے ڈھونڈتے مختلف کارنرز میں جائیں گے اپنا جواب تلاش کریں گے۔

اس سر گرمی کا مقصد: بچے کے ذہن میں کچھ معلومات موجود ہیں اور سوال کے جواب میں ان سے متعلق مذید مطابقت رکھنے والی معلومات درکار ہوتی ہیں جن کی تحقیق کرتا ہے۔ یہ سر گرمی بچوں کی آپس میں گفت وشنید کا موقع دیتی ہے جس سے خود بخود سیکھنے کا عمل آگے بڑھتا ہے۔

**2۔ ایکسپرٹ:**

ایک گروپ کسی عنوان یا موضوع پر تحقیق کرتے ہیں (جس سے وہ سب ایکسپرٹ کہلاتے ہیں) پھر یہ گروپ دوسرے بچوں میں تقسیم ہو کر اپنے سیکھے ہوئے عنوان یا موضوع کو ڈسکس کریں گے۔

مقصد: بچے تحقیق سے سیکھ کر پُر اعتماد ہونگے۔ اور ایک دوسرے سے ڈسکس کرنے سے انکا اپنا نالج کنفرم ہو گا اور دوسروں میں سیکھنے کا عمل بڑھے گا۔

**3۔ ؟! کے نشانات کا استعمال**

اس سر گرمی میں بچے دی گئی عبارت کو پڑھیں گے اور جو فقرے سمجھ میں آئیں گے ان پر۔۔۔ کا نشان لگائیں گے، جنکی سمجھ نہیں آئی ان پر سوالیہ ؟ نشان لگائیں گے اور جو معلومات نئی ہونگی ان پر ! کا نشان لگائیں گے۔ اسکے بعد بچوں کو گروپس میں بٹھا کر ان نشانات کے مطابق آپس میں ڈسکس کریں گے۔

مقصد: بچے آپس میں ڈسکشن سے سیکھیں گے۔ از خود سوچنے کا مادہ پیدا ہو گا۔

**4۔ کوئز اور فائنڈ**

اس سر گرمی میں بچے کاغذ پر اس موضوع یا عنوان سے متعلق سوال لکھیں گے جن کے متعلق وہ نہیں جانتے، اور پھر ہر بچہ دوسرے ساتھیوں کے پاس جائے گا تاکہ کوئی اُسے اس کا جواب سمجھا سکے۔

مقصد: دوسرے بچوں سے انٹر ایکشن بڑھے گا اور اپنے موضوع یا ٹاپک پر Understanding بڑھے گی۔

**5۔ شوڈاؤن**

بچے گروپ میں بیٹھے ہونگے، ٹیچر سوال کرے گا اور سب بچے سوال کا جواب لکھ کر خفیہ رکھیں گے، جب ٹیچر پوچھے گا تب وہ اپنے جواب کو شو Show کریں گے۔

مقصد: بچے گروپ میں بیٹھے ہونگے لیکن ڈسکشن نہیں کریں گے بلکہ جواب شو ہونے پر اپنی رائے دیں گے۔ جس سے وہ اپنے نالج کو Validate کریں گے۔

### 6۔ تھنک، پیئر اینڈ شیئر

ٹیچر سوال کرے گا، بچوں کو جواب سوچنے کا وقت دیا جائے گا، پھر بچے جوڑوں کو گفت وشنید کا وقت دیا جائے گا اور آخر میں پوری کلاس میں ڈسکشن کی جائے گی۔

مقصد: اس سرگرمی کا مقصد، انفرادی طور پر سوچنے کے عمل کو شروع کرکے، جوڑے میں اور پھر پوری کلاس میں ڈسکشن کے ذریعے سمیٹا جاتا ہے تاکہ ٹاپک یا سوال کی Understanding انفرادی طور پر شروع ہو کر بڑے سرکل میں داخل ہو اور نالج کا حصہ بنے۔

### 7۔ سرکلز

ایک کلاس کو دو دائروں میں بٹھایا جاتا ہے۔ جس میں دونوں دائروں کے بچوں کے چہرے ایک دوسرے کے سامنے ہوں۔ ٹیچر سوال کرے گا اور بچے جوڑوں میں ڈسکس کریں گے۔ اب بیرونی یعنی بڑے دائرے کے بچوں کو اسی سمت میں حرکت Move کرنے کا کہا جائے گا۔

مقصد: اس سرگرمی کا مقصد بچوں میں دونوں، جوڑوں اور پلانری سطح پر سوال کو ڈسکس کرنا تاکہ خیالات کا تبادلہ کرنے سے Understanding بڑھ سکے۔

### 8۔ رالی رابن

اس ایکٹویٹی کے تین سٹیپس ہیں۔ یہ سرگرمی جوڑے کے ساتھ کی جائے اور ٹیچر سوال کرے گا یا کوئی پرابلم دے گا۔

1۔ جوڑے کا پہلا فرد (پارٹنر) ایک مسئلہ حل کرے گا اور پارٹنر اسکی کوچنگ کرے گا۔

2۔ پارٹنر (دوسرا فرد) دوسرا مسئلہ / پرابلم حل کرے گا اور پارٹنر-1 اسکی معاونت یا کوچنگ کرے گا۔

3۔ دونوں پارٹنرز باری باری پرابلم کو حل کرنے کی سعی کرتے رہیں گے جب تک سوال مکمل طور پر حل نہیں ہو جاتا۔

مقصد: اس سرگرمی کا مقصد ایک دوسرے سے سیکھنا ہے۔

### 9۔30 سیکنڈ سپیچ

اس سرگرمی میں طلبہ کسی موضوع / عنوان پر 30 سیکنڈ کی سپیچ تیار کریں گے۔ اسکے بعد گروپ میں بیٹھ کر اپنے نالج کو شئیر کریں گے۔

مقصد: پہلے اپنے نالج کو ایک واضح شکل دیکر دوسرے ساتھیوں سے ڈسکس کرنا تاکہ خیالات / نالج میں مذید پختگی آئے۔

### 10۔ گیلری واک

سبق کے اختتام پر طلبہ اپنے کام کو اوپن رکھتے ہوئے دوسروں کے ساتھ گفت وشنید کرتے ہیں اور اپنی کارکردگی کو شئیر کرتے ہیں۔ طلبہ سٹکی نوٹس کا استعمال کرسکتے ہیں اور گفت وشنید میں اپنی رائے کا اظہار مثبت انداز میں کریں۔

مقصد: گھل مل کر سیکھنا۔ ایک دوسرے سے کمیونیکیٹ کرنا۔

## پری اور پوسٹ اسسمنٹ:

| نمبر شمار | بیانات | متفق | متفق | معلوم نہیں | غیر متفق | قطعی غیر متفق |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | مجھے ایکٹو لرننگ کی تعریف پسند آئی ہے اور مجھے حواس خمسہ کے ذریعے کاگنیشن کے ایکٹو ہونے کا علم ہوا۔ | | | | | |
| 2 | مجھے ایکٹو لرننگ میں ایکٹویٹی کی تعریف کی سمجھ آئی۔ | | | | | |
| 3 | ایکٹویٹی اور سبق کے مقصد کے درمیان تعلق کی معلومات حاصل ہوئیں۔ | | | | | |
| 4 | سرگرمی / ایکٹویٹی کا کیا مقصد ہے اسکو عملی طور پر سمجھا۔ | | | | | |
| 5 | کیگن کے بارے میں معلومات اور اسکی کو آپریٹو لرننگ کی سرگرمیوں سے سیر حاصل آگاہی ہوئی۔ | | | | | |
| 6 | تربیت کے دوران کچھ بنیادی سرگرمیوں کو عملی طور پر کرنے سے ایکٹویٹی بیسڈ لرننگ کے متعلق میرے تصورات واضح ہوئے۔ | | | | | |
| 7 | طلبہ کے عملی کام اور موضوع کو پلان کرنے کی سمجھ بوجھ پیدا ہوئی۔ | | | | | |
| 8 | ایکٹویٹی کس طرح بچے کے کاگنیشن (Cognition) کو متحرک کرتی ہے اس تصور کی وضاحت ہوئی۔ | | | | | |